# نجس انڈر ویر کو پاک کپڑوں کے ساتھ دھونے سے ان کپڑوں کا حکم

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللہِ

الاستفتاء کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میری ہاؤس میڈ نے میرے نجس انڈر ویر کو جس پر پیشاب کے قطرے لگے تھے بقیہ کپڑوں کے ساتھ واشنگ مشین میں ڈال کر دھودیا اور میں نے ان کپڑوں میں نمازیں بھی پڑھ لیں تو مجھے اب پتا چلا ہے کہ ایسا ہواتھا تو کیا ایسا کرنے سے میرے سارے کپڑے نجس ہوگئے تھے اور ایسی صورت میں نمازوں کا کیا حکم ہے؟

سائل عبداللہ انڈیا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

اگر انڈیا میں ایسی واشنگ مشینز ہیں جو واشنگ کے دوران کئی بار پانی نچوڑ کر نکالتی ہیں جیساکہ انگلینڈ میں ، تو اس سے کپڑے پاک ہوجاتے ہیں ۔اگر ایسی واشنگ مشینز نہیں بلکہ ایسی مشینیں ہیں جو واشنگ کے دوران پانی کو اندر ہی رکھ کر گھماتی رہتی ہیں،جس سے ناپاک کپڑوں کی نجاست پانی میں حل ہوکر اسے ناپاک کردیتی ہےتو اس صورت میں نجس پانی لگنے سے پاک کپڑے بھی ناپاک ہوجائیں گے ۔

مگر انڈوپاک کے عرف کو جاننے والا ضرور اس بات کو جانتا ہے کہ وہاں مشین جب کپڑے دھوکر بند ہوجاتی ہے تو کپڑوں سے سرف یا صابن والاپانی نکالنے کے لیے انہیں بڑے ٹب میں رکھ کر ان پر نل کھلا چھوڑ دیا جاتا ہےاور خوب مَلْ مَلْ کر ان کپڑوں سے صابن یا سرف کا اثر نکالا جاتا ہے۔اب ان پر بہنے والا پانی صابن نکالنے کے ساتھ ساتھ نجس پانی بھی نکال کر اسے پاک کر دیتا ہے لہذا ایسا کرنے سے سارے کپڑے پاک ہوجائیں گے۔ اگر آپ کے ہاں بھی ایسا ہوتا ہے تو آپ کا ان کپڑوں کو پہن کرنماز پڑھنا درست ہے۔

کیونکہ اگر بہت سا پانی کپڑوں پر بہالیا جائےاور ظن غالب ہو جائے کہ نجاست بہہ گئی ہوگی یا نل کو کپڑوں پر کھول دیا جائے کہ نل کا بہتاہوا پانی جاری پانی کے حکم میں ہے اورجب کسی نجاست کو جاری پانی یا حوضِ کبیر میں دھویا جائے تو اس میں تین بار دھونا اورنچوڑنا شرط نہیں ہوتابلکہ اگر ظن غالب ہوجائے کہ نجاست بہہ گئی تو کپڑا پاک ہوجاتا ہے۔

فتاوی امجدیہ میں ہے کہ یہ تین بار دھونے اورنچوڑنےکا حکم اس وقت ہے جب تھوڑے پانی میں دھویا ہواور اگر حوضِ کبیر یعنی دہ دردہ ،نہریاندی میں دھویا ہویابہت ساپانی اس پر بہایا ہو یا بہتے پانی میں دھویا ہوتو اس میں نچوڑنے کی شرط نہیں۔

فتاوی امجدیہ ج۱ص۳۵

اور بہارشریعت میں ہے کہ اور اصل یہ ہے کہ جتنی دیر میں یہ ظن غالب ہو جائے کہ پانی نَجاست کو بہالے گیا پاک ہو گیا، کہ بہتے پانی سے پاک کرنے میں نچوڑنا شرط نہیں۔

بہار شریعت ج۱حصہ ۲ ص۳۳۹

اور اگر آپ کےنجس کپڑےبعد میں نہیں دھوئے جاتے رہے جیسے اوپر بیان ہوابلکہ ان ناپاک کپڑوں کو مشین سے نکال کربغیر سرف یا صابن نکالے خشک کرلیا جاتا رہا تو پھر ایسے کپڑے ضرور نجس ہی رہے۔پھر اگر آپ کو یقین Sure ہو کہ آپ نے انہیں نجس کپڑوں میں نمازیں ادا کیں ہیں تو جو نمازیں انہیں نجس کپڑوں میں ادا کی ہیں وہ نمازیں نہ ہوئیں لہذ ان کو دہرالیا جائےکیونکہ نجس کپڑوں میں نماز نہیں ہوتی بلکہ نجس کپڑا صرف جسم سے متصل ہوتو اس سے بھی نماز نہیں ہوتی ۔

جیساکہ ردالمحتار میں ہےکہ **شَيْءٌ مُتَّصِلٌ بِهِ يَتَحَرَّكُ بِحَرَكَتِهِ كَمِنْدِيلٍ طَرَفُهُ عَلَى عُنُقِهِ وَفِي الْآخَرِ نَجَاسَةٌ مَانِعَةٌ إنْ تَحَرَّكَ مَوْضِعُ النَّجَاسَةِ بِحَرَكَاتِ الصَّلَاةِ مَنَعَ** نمازی کے جسم سے کوئی شی ایسے متصل ہے کہ اس کی حرکت سے وہ بھی حرکت کرےجیسے رومال کہ اس کا ایک سرا نمازی کی گردن میں اور دوسرے پرنجاست قدر مانع ہو تو ایسی صورت میں نماز نہیں ہوگی۔

الدر المختار مع ردالمحتار ، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۱۴۷

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

**خادمِ دارالافتاء یوکے اور اسلامک لاء کونسل**

Date:13 -07-2019

**The ruling of the pile of clothes which consist of impure underwear washed alongside pure clothes**

الحمد لله والصلوة والسلام علی رسول الله

**QUESTION:**

**What do the scholars of Islām and Jurists of the Sacred Law state regarding the following issue: My house maid placed my impure underwear, which had drops of urine on it, in the washing machine with my other clothes and washed them all together alongside each other. I also prayed salāh in these clothes, but only came to know of this now. So, will this have caused all of my clothes to become impure, and what is the ruling of said salāh in such case?**

Questioner: Abdullah from India

**ANSWER:**

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِيَ النُّوْرَ وَالصَّوَاب

If there are such washing machines in India which rinse the clothes and drain the water a few times, just as they are in the U.K. then the clothes will become pure in such said case. If there are no such washing machines; rather, they are such that the water remains inside only the machine during the washing and spins, in which the impurity from the impure clothes mixes with the water causing them to become impure, then in such case, the pure clothes will become impure due to coming into contact with the impure water.

However, the one who is aware of the customs of the Indian subcontinent will know that when the machines there stop after the washing is complete, then in order to remove the soapy water from them, they are placed in a large tub and a water pipe is left running over them. They are then scrubbed, and then squeezed after this in order to rid them of any soap. Water is then poured over them, and then alongside removing the soapy water from them, the impure water is also removed, thus, purifying all of the clothes. If this is also the same process for yourself, then it is correct for you to wear these clothes and then pray salāh.

The reason for this is because if a lot of water is poured over the clothes and one is at least 51% sure that the impurity has been drifted away i.e. been removed, or that the water pipe is left open on the clothes, as this is in the ruling of running water. Thereby, whenever any impurity is washed with flowing water or a large amount of water, then it is not a condition for it to be washed & squeezed thrice.

Rather, if one is at least 51% sure that the impurity has been washed away, then the clothes are pure.

It is stated in Fatāwā Amjadiyyah that this rule (of washing & squeezing three times) is when only a small amount of water is used to wash & clean. If it is washed in a large amount of water (i.e. a pool of water which is ten yards long, ten yards wide and ten yards deep/canal/stream or river) or a lot of water flows over it, or it is washed in flowing water, then there is no need to squeeze it.

[Fatāwā Amjadiyyah, vol 1, pg 35]

Likewise, it is stated in Bahār-e-Sharī’at that the basis in this matter is that if there is a predominant likelihood that, if left in the water for a certain amount of time, the flowing water will carry away the impurity, it will be regarded as being clean within that time, as squeezing the item is not a condition when purifying it with flowing water.

[Bahār-e-Sharī’at, vol 1, part 2, pg 339]

However, if the impure clothes are not properly washed, just as has been mentioned above. In fact, the impure clothes were taken out of the machine and dried without washing them with soap, washing powder, etc then such clothes will definitely remain impure. If you are sure that you prayed salāh in these impure clothes, then any salāh in such said state have not been fulfilled, therefore, they should be washed because salāh is not valid in impure clothes. In fact, even if any impure cloth is touching the body, then salāh is not valid in this state either.

Just as it has been stated in Radd al-Muhtār,

" شَيْءٌ مُتَّصِلٌ بِهِ يَتَحَرَّكُ بِحَرَكَتِهِ كَمِنْدِيلٍ طَرَفُهُ عَلَى عُنُقِهِ وَفِي الْآخَرِ نَجَاسَةٌ مَانِعَةٌ إنْ تَحَرَّكَ مَوْضِعُ النَّجَاسَةِ بِحَرَكَاتِ الصَّلَاةِ مَنَعَ"

“If there is anything touching the body of the one praying salāh, such that if this person was to move, then that thing would also move alongside with the body, for instance, a handkerchief/napkin, in the sense that if one end is touching the neck of the one praying salāh, and the other end has a certain amount of impurity on it, then this would render salāh invalid.

[al-Durr al-Mukhtār ma’ Radd al-Muhtār, vol 2, pg 147]

والله تعالى أعلم ورسوله أعلم صلى الله عليه وآله وسلم
كتبه أبو الحسن محمد قاسم ضياء قادري

**Answered by Muftī Qāsim Ziyā al-Qādirī**
Translated by Haider Ali